روزنامہ

# الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 4 دسمبر 2007ء 23 ذیقعدہ 1428 ہجری 4 فتح 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 275

## انتظار نماز

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے ایک رات عشاء کی نماز کیلئے رسول کریم ﷺ کا آدھی رات تک انتظار کیا۔ نماز کے بعد آپ نے فرمایا دیکھو تم جب تک نماز کا انتظار کرتے رہے ہو حالت نماز میں ہی رہے ہو۔

(صحیح بخاری کتاب مواقیت الصلوٰۃ باب السمرفی الفقہ حدیث نمبر:565)

اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حکم بادشاہت قائم کروانے کیلئے نہیں بلکہ بندوں کو الٰہی حکموں پر چلنے کی وجہ سے جزا دینے کیلئے ہے

# ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے، ہماری اعلیٰ لذات ہمارے خدا میں ہیں

## صرف ظاہری دنیاوی اخلاق ہی مطمح نظر نہ ہوں بلکہ معبود حقیقی کا سچا عابد بننے کی کوشش کریں اور دنیا کو بھی اس سے آگاہ کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 30 نومبر 2007ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 30 نومبر 2007ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست نشر کیا گیا۔

حضور انور نے خطبہ جمعہ کے آغاز میں سورۃ آل عمران آیت 19 کی تلاوت کی اور فرمایا کہ جماعت احمدیہ کے قیام کا مقصد نیکی، تقویٰ اور خدا تعالیٰ کی وحدانیت کا ادراک اپنے اندر پیدا کرنا، اس کے قیام کیلئے عملی تصویر بننا اور دنیا میں بھی اس کو قائم کرنا ہے۔ خدا کی بادشاہت دنیا میں قائم کرنا ہے۔ خدا تعالیٰ نے انسان کی پیدائش کی اصل غرض اس خدا کا حقیقی عابد بننا بتائی ہے۔ اللہ تعالیٰ جو غالب ہے اور تمام قدرتوں کا مالک ہے اس کو اس زمین پر اپنی عبادت کروانے اور اپنی بادشاہت کے قیام کیلئے کسی انسان کی مدد کی ضرورت نہیں تھی لیکن اس نے اپنے بندوں کو عقل و شعور دے کر اس طرف توجہ دلائی کہ اگر عقل اور علم کا صحیح استعمال کرتے ہوئے ایمان لانے والے اور اس تعلیم پر عمل کرنے والے بنو گے تو پھر میں تمہیں ان لوگوں میں شمار کروں گا جو میری بادشاہت کو قائم کرنے کی کوشش کرنے والے ہیں اور جو انکار کریں گے ان کا شمار ان لوگوں میں ہوگا جو شیطان کے نقش قدم پر چلنے والے ہیں۔ اللہ فرماتا ہے کہ مجھے معبود حقیقی سمجھنے والے بندے ہمیشہ میری عبادت کرنے والے ہیں، نیکیاں کرنے والے ہیں، تقویٰ پر قائم رہنے والے ہیں اور آگے ان باتوں کو دنیا میں پھیلانے والے ہیں اور جب بندے یہ عمل کر رہے ہوں گے تو خدا تعالیٰ کی بادشاہت کو دنیا میں قائم کرنے والے بن رہے ہوں گے اور اس کے بدلے میں بہترین جزا پانے والے، اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی میری جنتوں کے وارث ہوں گے۔ پس یہ اللہ تعالیٰ کی ضرورت نہیں بلکہ بندے کی ضرورت ہے کہ معبود حقیقی کا اپنے اندر صحیح ادراک پیدا کرے اور اس کی رضا کی جنتوں کو حاصل کرنے والا بنے۔ پس اللہ تعالیٰ کو اپنی عبادت بادشاہت قائم کروانے کیلئے نہیں چاہئے بلکہ اپنے بندوں کو جو اس کے حکموں پر چلنے والے ہیں جزا دینے کیلئے ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے ساتھ خدا کے سلوک دیکھیں جسے خدا نے تمام دنیا میں اپنی بادشاہت قائم کرنے کیلئے بھیجا تھا۔ ایک یتیم بچہ جو بچپن سے ہی خاموش اور علیحدہ رہنے والا تھا لیکن خدا نے آپؐ پر ہی نظر ڈالی کیونکہ آپؐ سب سے بڑے عابد تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر میری صفات کا کوئی حقیقی پر تو ہو سکتا ہے تو یہ انسان کامل ہے۔ مکہ کے ابتدائی حالات دیکھیں کہ کیا کیا ظلم تھے جو آپؐ پر روا نہیں رکھے گئے یا آپؐ کے ماننے والوں پر ظلم نہیں ہوئے۔ ان کے واقعات پڑھ کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں لیکن فتح مکہ اس بات پر گواہ ہے کہ وہ معبود حقیقی جو عزیز اور غالب ہے جس کے آگے آپؐ جھکتے تھے اور اس کا یہ عابد بندہ اور کامل انسان ہی آخر کامیاب اور غالب آیا۔ پس فتح مکہ اور آنحضرتؐ کی زندگی میں عرب کے وسیع علاقے میں بلکہ باہر تک بھی دین حق کا پھیل جانا اس معبود حقیقی کے عزیز ہونے کا بڑا روشن نشان ہے جس کی عبادت آنحضرتؐ نے کی اور اپنے ماننے والوں سے کروائی اور پھر وہ دنیا میں اللہ تعالیٰ کی بادشاہت قائم کرنے والے بنے۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود کا ابتدائی دور دیکھیں کیا تھا، دنیا سے بے رغبتی تھی اس لئے کہ صرف معبود حقیقی سے لو لگائی ہوئی تھی لیکن جب معبود حقیقی نے آپ کو اپنی بادشاہت قائم کرنے کیلئے چنا تو وہی شخص جس کے متعلق کہا جاتا تھا کہ دیکھ لو بیت الذکر کے کسی کونے میں پڑا ہوگا، معبود حقیقی کا حقیقی عبد بنا تو تمام دنیا نے اس کے علم و عرفان سے پُر کلام کے وہ نظارے دیکھے کہ حیران و ششدر رہ گئے۔ آج اس شخص کو ماننے والے جو دنیا کے کونے کونے میں پھیلے ہوئے ہیں یہ اس بات کا کافی ثبوت ہیں کہ اللہ تعالیٰ خود جس طرح چاہتا ہے اپنی بادشاہت قائم کرتا ہے۔ ہمیں تو خدا تعالیٰ اپنے حقیقی معبود ہونے کا فہم و ادراک دلوا رہا ہے تاکہ ہم اس معبود حقیقی کی بادشاہت کو دنیا میں قائم کر کے اس کی رضا حاصل کرنے والے بن سکیں۔ پس آپ کے ماننے والوں کا یہی مقصد ہونا چاہئے کہ صرف ظاہری دنیاوی اخلاق ہی مطمح نظر نہ ہوں بلکہ معبود حقیقی کا حقیقی عابد بننے کی کوشش کریں اور دنیا کو بھی اس سے آگاہ کریں۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہر احمدی کو اس واحد خدا کی طرف ہمیشہ جھکنا چاہئے جو سب طاقتوں کا سرچشمہ ہے اور ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے، ہماری اعلیٰ لذات ہمارے خدا میں ہیں کیونکہ ہم نے اس کو دیکھا اور ہر ایک خوبصورتی اس میں پائی۔ اے محرومو! اس چشمے کی طرف دوڑو کہ وہ تمہیں سیراب کرے گا۔ یہ زندگی کا چشمہ ہے۔ پس ہماری عبادتوں کے معیار، ہمارا خدا پر انحصار اور ہمارا مقصد جب تک اس حد تک نہ چلا جائے کہ دوسرے مجبور ہوں کہ اس کا اظہار کریں۔ ہمارا عبد بننے کا دعویٰ اور ہمارے مقاصد کے حصول کی کوشش مکمل نہیں ہوگی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حقیقی عابد اور مؤحد بننے اور اپنے مقصد کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ”مریم شادی فنڈ“ ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

”اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔“

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

## دارالضیافت میں قربانی

بیرون ربوہ سے ایسے احباب جو مرکز سلسلہ میں قربانی کروانے کے خواہشمند ہوں وہ اپنی رقوم بتفصیل ذیل جلد از جلد خاکسار کو بھجوا دیں۔

قربانی بکرا -/6000 روپے
قربانی حصہ گائے -/3000 روپے

(نائب ناظر ضیافت ربوہ)

## طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ کی تعطیلات

مورخہ 22 دسمبر 2007ء تا 5 جنوری 2008ء طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ بند رہے گا۔ احباب مطلع رہیں۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

## سوموار 10 دسمبر 2007ء

| | |
|---|---|
| 1-30 am | خبریں |
| 2-05 am | چلڈرنز کلاس |
| 3-10 am | دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز |
| 3-55 am | عربی سیکھئے |
| 4-25 am | سیرت النبیؐ |
| 5-00 am | تلاوت، درس، خبریں |
| 5-55 am | لقاء مع العرب |
| 7-05 am | خطبہ جمعہ |
| 8-10 am | ایم ٹی اے ورائٹی |
| 9-10 am | قادیان، ڈاکومنٹری |
| 10-05 am | سوال وجواب |
| 10-30 am | عربی سروس |
| 11-00 am | تلاوت، درس، خبریں |
| 12-00 pm | بستان وقف نو |
| 1-00 pm | فرانسیسی سروس |
| 1-25 pm | طب وصحت |
| 2-00 pm | فرانسیسی سروس ملاقات |
| 3-05 pm | انڈونیشین سروس |
| 4-00 pm | غزوات النبیؐ |
| 5-00 pm | تلاوت، درس، خبریں |
| 6-00 pm | بنگلہ سروس |
| 7-05 pm | خطبہ جمعہ |
| 8-10 pm | بستان وقف نو |
| 9-10 pm | جلسہ سالانہ قادیان |
| 9-50 pm | فرانسیسی سروس |
| 10-50 pm | طب وصحت |
| 11-30 pm | عربی سروس |

## منگل 11 دسمبر 2007ء

| | |
|---|---|
| 12-45 am | لقاء مع العرب |
| 2-20 am | خبریں |
| 3-15 am | بستان وقف نو |
| 4-20 am | خطبہ جمعہ |
| 5-15 am | تلاوت، درس، خبریں |
| 6-10 am | فرانسیسی سروس |
| 6-30 am | لقاء مع العرب |
| 7-35 am | خطبہ جمعہ |
| 8-40 am | فرانسیسی سروس |
| 9-50 am | طب وصحت |
| 10-25 am | جلسہ سالانہ قادیان |
| 11-00 am | تلاوت، درس، خبریں |
| 12-00 pm | گلشن وقف نو |
| 1-00 pm | سوال وجواب |
| 2-00 pm | پروگرام ریویو |
| 3-10 pm | انڈونیشین سروس |
| 4-10 pm | سندھی سروس |
| 5-05 pm | تلاوت، درس، خبریں |
| 5-50 pm | بنگلہ سروس |
| 6-50 pm | جلسہ سالانہ UK |
| 8-20 pm | گلشن وقف نو |
| 9-25 pm | ریویو |
| 10-35 pm | سوال وجواب |
| 11-30 pm | عربی سروس |

## بدھ 12 دسمبر 2007ء

| | |
|---|---|
| 1-30 am | خبریں |
| 2-05 am | گلشن وقف نو |
| 3-10 am | ریویو |
| 4-15 am | جلسہ یو۔کے |
| 5-00 am | تلاوت، درس، خبریں |
| 6-50 am | عربی سیکھئے |
| 7-05 am | لقاء مع العرب |
| 8-10 am | ریویو |
| 9-20 am | جلسہ UK |
| 11-00 am | تلاوت، درس، خبریں |
| 12-00 pm | گلشن وقف نو |
| 1-00 pm | سیرت حضرت مسیح موعود |
| 1-35 pm | گفتگو |
| 2-00 pm | سوال وجواب |
| 2-45 pm | انڈونیشین سروس |
| 3-50 pm | سواحیلی سروس |
| 5-00 pm | تلاوت، درس، خبریں |
| 5-55 pm | بنگلہ سروس |
| 7-00 pm | خطبہ جمعہ |
| 8-00 pm | تقاریر جلسہ سالانہ |
| 8-35 pm | گفتگو |
| 9-15 pm | گلشن وقف نو |
| 10-15 pm | آسٹریلین ڈاکومنٹری |
| 10-50 pm | سوال وجواب |
| 11-30 pm | عربی سروس |

## جمعرات 13 دسمبر 2007ء

| | |
|---|---|
| 12-30 am | لقاء مع العرب |
| 1-35 am | خبریں |
| 2-10 am | گلشن وقف نو |
| 3-20 am | تقاریر جلسہ سالانہ |
| 4-05 am | خطبہ جمعہ |
| 5-00 am | تلاوت، درس، خبریں |
| 6-20 am | لقاء مع العرب |
| 7-20 am | گفتگو |
| 7-50 am | ہماری کائنات |
| 8-15 am | آسٹریلین ڈاکومنٹری |
| 8-45 am | خطبہ جمعہ |
| 9-45 am | کسوٹی۔ کوئز پروگرام |
| 10-25 am | تقاریر جلسہ سالانہ |
| 11-00 am | تلاوت، درس، خبریں |
| 12-00 pm | چلڈرنز کلاس |
| 1-15 pm | ملاقات |
| 2-00 pm | ریویو |
| 3-00 pm | انڈونیشین سروس |
| 3-55 pm | خطبہ جمعہ |
| 5-00 pm | تلاوت، درس، خبریں |
| 6-05 pm | بنگلہ سروس |
| 7-05 pm | ترجمۃ القرآن |
| 8-15 pm | ملاقات |
| 9-00 pm | ریویو |
| 9-50 pm | دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ |
| 10-30 pm | خطبہ جمعہ |
| 11-30 pm | عربی سروس |

تبصرہ

# مومن کی شان
# لغویات سے پرہیز

سائنس، ٹیکنالوجی اور جملہ شعبہ ہائے زندگی میں جہاں بے شمار ترقیات ہو رہی ہیں، وہاں اس دور کی نسل کو چیلنجز اور مسائل کا سامنا بھی ہے۔ کم علمی، دینی امور سے نامکمل آگاہی اور بے احتیاطی کی وجہ سے خاص طور پر نوجوان نسل لغویات اور دین حق سے دور لے جانے والی آزمائشوں سے گزر رہی ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اس جدید دور میں نت نئی ایجادوں نے ہمارے لئے بہت سی آسانیاں پیدا کر دی ہیں لیکن یہی ایجادات نوجوان طبقہ کی ذہنی اور اخلاقی انحطاط کا بھی موجب بن رہی ہیں۔ جس کی وجہ سے نئی نسل اخلاقی انحطاط کا شکار ہو گئی ہے۔ ان ایجادات کے غلط استعمال سے نوجوان مذہب سے دور جا رہے ہیں اور لغویات اور دیگر برائیوں کا شکار ہو رہے ہیں۔

ان لغویات اور بے راہ رویوں کی وجہ سے دینی، تربیتی اور تعلیمی مسائل بڑھ رہے ہیں۔ یہ معاشرتی بیماریاں اور کمزوریاں بے راہ روی، قتل و غارت، اغوا، لوٹ کھسوٹ، ڈاکے، اخلاقی گراوٹ جھوٹ، بد چلنی اور غلط بیانی جیسے قبیح فعل جنم دے رہی ہیں۔ ان کی بنیادی وجوہات میں سے سب سے اہم وجہ سہولیات کا غلط اور بے جا استعمال ہے۔ ان لغویات اور فضولیات سے پرہیز کے حوالے سے مکرم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے ایک کتابچہ رقم کیا ہے جس میں انہوں نے بڑی تفصیل سے ان برائیوں کا تجزیہ کیا ہے اور ان سے بچنے کے گر دینی تعلیمات اور حکمت کے پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے بیان کئے ہیں۔

لغویات کی تفصیل میں انہوں نے سینما، تھیٹر، سرکس، ٹی وی، ڈرامے، کارٹون، وی سی آر، فحش فلمیں، کیبل، ڈش انٹینا، لغو نظارے، کمپیوٹر، انٹرنیٹ، ویڈیو گیمز، موبائل فونز، پتنگ بازی، بسنت کا تہوار، ویلینٹائن ڈے، اپریل فول، نئے سال کی آمد پر جشن، عید کارڈ، سالگرہ، تمباکو نوشی، لغو ذرائع سے دولت، تاش، شطرنج، کھیل کود، ناول وگندا لٹریچر، تجسس، فیشن کی تقلید، عورتوں کا غیر مناسب لباس اور جم وکلب وغیرہ کو شامل کیا ہے۔

آغاز میں مصنف نے حضرت مسیح موعود کا اس حوالے سے ایک اہم ارشاد شامل کیا ہے، آپ فرماتے ہیں مومن وہ لوگ ہیں جو لغو کاموں اور لغو باتوں اور لغو حرکتوں اور لغو مجلسوں اور لغو صحبتوں اور لغو تعلقات اور لغو جوشوں سے کنارہ کش ہو جاتے ہیں اور ایمان ان کا اس درجہ تک پہنچ جاتا ہے کہ اس قدر کنارہ کشی ان پر سہل ہو جاتی ہے کیونکہ بوجہ ترقی ایمان کے کسی قدر تعلق ان کا خدائے رحیم سے ہو جاتا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے 20/ اگست 2004ء کے خطبہ جمعہ میں لغویات پر سیر حاصل بحث فرمائی ہے اور اس سے پرہیز کے طریقے بیان فرمائے ہیں۔ حضور انور نے اس خطبہ میں جن امور کو لغویات میں شامل کیا ہے اس کتابچے میں ان کو 36 کیٹیگریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں جملہ لغویات سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہم اپنے ایمانوں کو بڑھاتے ہوئے زیادہ سے زیادہ خدمت دین کرنے والے ہوں۔ آمین

(ایف شمس)

الفضل کی توسیع اشاعت میں ہمارے ساتھ تعاون کریں۔

(مینیجر الفضل)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

# خطبہ جمعہ کے منتخب اقتباسات

## اللّٰہ تعالیٰ کی صفت اَلْعَزِیْز کے مختلف معانی کا تذکرہ

**عزیز خدا تعالیٰ کا نام ہے جو کاملیت اور جامعیت کے لحاظ سے صرف خدا تعالیٰ پر ہی صادق آتا ہے اور وہی ہے جس کی طرف تمام عزتیں منسوب ہیں۔ وہی ہے جو اپنے پر ایمان لانے والوں اور اپنے رسول کو طاقت وقوت عطا فرماتا ہے جو ان کے غلبہ کا موجب بنتی ہے۔ پس اس غالب اور سب طاقتوں کے مالک خدا سے تعلق جوڑنا ہی ایک انسان کو قوت وطاقت عطا فرماتا ہے**

**ہمارا کام یہ ہے کہ جہاں اپنے ایمان کی مضبوطی اور ثبات قدم کے لئے اس خدا کے حضور جھکیں وہاں ظلموں سے بچنے اور فتح کے نظارے دیکھنے کے لئے بھی اس قوی اور عزیز خدا کو ہی پکاریں**

خطبہ جمعہ سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مورخہ 19/ اکتوبر 2007ء بمطابق 19/ اخاء 1386 ہجری شمسی بمقام بیت الفتوح، لندن (برطانیہ)

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ کے آغاز میں سورۃ الفاطر کی آیت نمبر 11 تلاوت کی اور فرمایا اس آیت کا ترجمہ یہ ہے کہ جو بھی عزّت کے خواہاں ہیں، پس اللہ ہی کے تصرف میں سب عزت ہے، اسی کی طرف پاک کلمہ بلند ہوتا ہے اور اسے نیک عمل بلندی کی طرف لے جاتا ہے اور وہ لوگ جو بُری تدبیریں کرتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے، ان کا مکر ضرور اکارت جائے گا۔

اللہ تعالیٰ کی ایک صفت عزیز ہے، جس کا قرآن کریم میں قریباً سَو دفعہ بیان ہوا ہے۔ یہ بیان مختلف آیات میں مختلف مضامین کے ساتھ اور ایک آدھ بار کے علاوہ دوسری صفات کے ساتھ مل کر ہوا ہے۔ اس صفت کے اللہ تعالیٰ کی ذات کے حوالے سے اہل لغت نے جو مختلف معانی کئے ہیں وہ مَیں بیان کرتا ہوں۔

مفردات امام راغب میں لکھا ہے کہ اَلْعَزِیْز وہ جو غالب ہو اور مغلوب نہ ہو۔ یعنی جو دوسروں کو دبا لے اور اُسے کوئی دبا نہ سکے، اس پر غلبہ نہ پا سکے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) یعنی وہ یقیناً غالب اور بڑی حکمت والا ہے۔

پھر امام راغب نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (المنافقون:9) اس کا ترجمہ ہے اور عزت اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کو ہی حاصل ہے۔

عزت کا مطلب بھی قوت، طاقت اور غلبہ ہے۔ یہ لکھتے ہیں کہ وہ عزت جو اللہ اور اس کے رسول اور مومنین کو حاصل ہے یہی ہمیشہ باقی رہنے والی دائمی اور حقیقی عزت ہے۔

پھر لکھتے ہیں کہ آیت (۔) اس کے معنی ہیں کہ جو شخص معزز بننا چاہتا ہے اُسے چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سے عزت حاصل کرے۔ کیونکہ سب قسم کی عزت خدا ہی کے قبضہ قدرت میں ہے۔

امام راغب قرآنی آیات کے حوالے سے ہی عموماً معانی بیان کرتے ہیں۔

پھر لسان العرب میں اس کے معنی یوں بیان ہوئے ہیں۔ اَلْعَزِیْزُ اللہ تعالیٰ کی صفت ہے اور اس کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔ زُجاج کہتے ہیں کہ عزیز وہ ذات ہے جس تک رسائی ممکن نہ ہو اور کوئی شے اسے مغلوب نہ کر سکتی ہو۔

بعض کے نزدیک اَلْعَزِیْز وہ ذات ہے جو قوی ہو اور ہر ایک چیز پر غالب ہو۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اَلْعَزِیْز وہ ذات ہے جس کی کوئی مثل نہیں۔ اَلْمُعِزّ بھی اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے اور وہی ہے جو اپنے بندوں میں سے جسے چاہے عزت عطا کرتا ہے۔ اَلْعِزُّ ذلّت کے مقابلے پر عزت استعمال ہوتا ہے اَلْعِزُّ کا اصل مطلب قوت، شدت اور غلبہ ہے، اَلْعِزُّ وَالْعِزَّۃُ کے معانی ہیں اَلرِّفْعَۃُ وَالْاِمْتِنَاعُ وہ بلندی کہ جس تک رسائی نہ ہو سکے۔

اس ساری وضاحت کا خلاصہ یہ نکلا کہ عزیز خدا تعالیٰ کا نام ہے جو کاملیت اور جامعیت کے لحاظ سے صرف خدا تعالیٰ پر ہی صادق آتا ہے اور وہی ہے جس کی طرف تمام عزتیں منسوب ہیں۔ وہی ہے جو اپنے پر ایمان لانے والوں اور اپنے رسول کو طاقت وقوت عطا فرماتا ہے جو ان کے غلبہ کا موجب بنتی ہے۔ پس اس غالب اور سب طاقتوں کے مالک خدا سے تعلق جوڑنا ہی ایک انسان کو قوت و طاقت عطا فرماتا ہے۔ جیسا کہ مَیں نے شروع میں کہا تھا کہ قرآن کریم میں تقریباً سَو جگہ مختلف مضامین اور حوالوں کے تحت اللہ تعالیٰ کی اس صفت کا ذکر ہے۔ اس بارے میں بعض مفسرین نے بعض آیات کی جو تفسیریں کی ہیں ان میں سے چند ایک پیش کرتا ہوں تا کہ اس کے مزید معنی کھل سکیں۔

علامہ فخر الدین رازی (۔) (سورۃ صٓ: 10) کے ضمن میں لکھتے ہیں کہ ''عزیز کی صفت بیان کر کے یہ واضح کیا گیا ہے کہ نبوت کا منصب ایک عظیم منصب اور ایک بلند مقام ہے اور اس کو عطا کرنے پر قادر ہستی کے لئے ضروری ہے کہ عزیز ہو یعنی کامل قدرت رکھنے والی ہستی ہو اور وھاب ہو یعنی بہت زیادہ سخاوت کرنے والی ہو اور اس مقام پر فائز صرف اللہ سبحانہ تعالیٰ ہی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی کامل قدرتوں والا اور کامل الجود ہے۔ (یعنی سخاوت اور بخشش کرنے والا ہے۔)

(تفسیر کبیر امام رازی تفسیر سورۃ ص زیر آیت نمبر 10)

یہ آیت جس کی علامہ رازی نے وضاحت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی صفت عزیز بیان کی ہے یہ اصل میں کافروں کے اس سوال کے جواب میں ہے جو اس آیت سے پہلی آیت میں بیان ہوا ہے جب کافروں نے کہا تھا کہ (۔) (سورۃ صٓ: 9) کیا ہماری ساری قوم میں سے اسی پر ذکر نازل ہوا ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تیرا ربّ جو غالب اور بخشنہار ہے کیا اس کی رحمت کے خزانے انہی کافروں کے پاس ہیں جسے چاہے یہ دیں، جسے چاہیں نہ دیں۔ اعتراض کرتے ہیں کہ یہ ہمارے جیسا شخص ہے اس پر کس طرح نبوت اتر سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میری رحمت کے خزانے تمہارے پاس نہیں ہیں بلکہ مَیں جو غالب اور تمام قدرتوں والا ہوں، مَیں ہی جسے چاہے خزانے دیتا ہوں۔ تم تو میری مخلوق ہو۔ تکبر کس بات کا ہے؟ پس اللہ جسے مناسب سمجھتا ہے، اپنی رحمت کے خزانوں میں سے دیتا ہے اور نبوت کا انعام اسے ہی دیتا ہے جس کے لئے سمجھتا ہے کہ یہ بہترین طور

پراس کا حق ادا کرتے ہوئے اس پیغام کو پہنچائے گا۔............

یہ بات بھی اللہ تعالیٰ نے بیان فرما دی کہ جس پر اپنی رحمت اتارتا ہوں، جسے انعام سے نوازتا ہوں، پھر اس کی مدد بھی کرتا ہوں۔ اور مدد کرنے اور فتح دینے کا اعلان بھی صفت عزیز کے تحت بڑے زوردار طریق سے فرمایا۔ جیسا کہ وہ فرماتا ہے(۔) (المجادلہ:22)۔

امام فخر الدین رازی اس آیت کی تفسیر کے تحت بیان کرتے ہیں کہ ''افضل طور پر تمام رسولوں کا غلبہ حجت اور دلائل سے متعلق ہے سوائے اس کے کہ ان میں سے بعض نے دلائل کے غلبے کے ساتھ تلوار کا غلبہ بھی شامل کر دیا لیکن بعض انبیاء کے ساتھ یہ صورتحال نہیں۔ اس کے بعد فرمایا 'قَوِیٌّ' کہ اللہ تعالیٰ اپنے انبیاء کی نصرت کرنے کی قوت رکھتا ہے اور وہ عزیز یعنی غالب ہے اور کوئی اسے اپنی مراد کے حصول سے روک نہیں سکتا کیونکہ اس کے سوا سب ممکن الوجود ہیں اور اللہ واجب الوجود ہے''۔ یعنی باقی سب تو مخلوقات ہیں، ان کا وجود ممکن ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا وجود حق ہے، ہمیشہ سے ہے اور جو واجب الوجود ہے وہ ممکن الوجود پر غالب ہوتا ہے۔

(تفسیر کبیر امام رازی تفسیر سورۃ المجادلہ زیر آیت 22)

پھر روح المعانی میں (۔) کے تحت علامہ ابوالفضل شہاب الدین آلوسی لکھتے ہیں کہ (۔) یعنی حجت اور تلوار یا اس کے متبادل کے ساتھ یا ان میں سے کسی ایک کے ساتھ غالب آئیں گے۔ رسولوں کے غلبہ میں یہ بات کافی ہے کہ حجت کے علاوہ ان رسولوں کے زمانے میں ان کی حقانیت ثابت ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ نے رسولوں کے دشمنوں کو مختلف قسم کے عذابوں سے ہلاک فرما دیا۔ جیسے قوم نوحؑ، قوم صالح اور قوم لوط وغیرہ اور ہمارے نبی ﷺ کے مخالفین کو جنگ کے ذریعہ سے ہلاک کیا۔ اگرچہ ان جنگوں کے نتائج بعض دفعہ (ڈول کی طرح) ناموافق بھی رہے لیکن انجام کار آنحضرت ﷺ کو ہی غلبہ حاصل ہوا۔ اسی طرح آپؐ کے بعد آپ کے متبعین کے ساتھ بھی یہی سلوک ہے (لیکن ایک شرط کے ساتھ) جب ان کا جہاد رسولوں کے جہاد کی طرح خالصتاً اللہ تعالیٰ کے لئے ہو۔ ملک، سلطنت اور دنیاوی اغراض کے لئے نہ ہو تو ایسے مجاہدین غالب اور منصور رہیں گے۔ تاہم بعض مفسرین نے صرف دلائل کا غلبہ ہی مراد لیا ہے''۔ لیکن یہ اس سے اختلاف کرتے ہیں۔

(تفسیر روح المعانی تفسیر سورۃ المجادلہ زیر آیت نمبر 22)

............پس یہ تعداد جو بڑھ رہی ہے اور آج دنیا کے 190 کے قریب ملکوں میں جماعت احمدیہ پھیل گئی ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسی وعدے کے مطابق ہے جو طاقتور ہے اور جن پر اپنی رحمت کا انعام نازل فرماتا ہے انہیں پھر غلبہ بھی عطا فرماتا ہے۔............

مرسلہ: قریشی محمد کریم صاحب

# ماحولیاتی بیماریاں

ماحولیاتی بیماریوں سے مراد ایسی بیماریاں ہیں۔ جو گردوپیش میں رونما ہونے والے طبعی، سماجی اور ثقافتی عوامل اور موسمی تغیر و تبدل کے منفی اثرات کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ گرمی، سردی، خزاں، بہار اور برسات، ہر موسم انسان کی جسمانی اور نفسیاتی صحت پر اثر انداز ہوتا ہے۔ تاہم آج کا موضوع گرمی کے اثرات والی بیماریاں ہیں۔ موسم گرما میں پت یا جلد کی انفیکشن بہت عام ہے۔ علاوہ ازیں مندرجہ ذیل بیماریاں بھی عام ہیں۔ جو صحت کے لئے خطرناک بھی ثابت ہوسکتی ہیں۔

1۔ Heat Cramps یعنی گرمی کی وجہ سے پٹھوں کی اینٹھن۔

2۔ Heat Exhaustion یعنی گرمی کی وجہ سے تھکاوٹ

3۔ Heat Stroke یعنی لو لگنا

## پٹھوں کی اینٹھن

ایک صحت مند آدمی کی جسمانی حرارت دماغ سے کنٹرول ہوتی ہے۔ دماغ کے اس حصہ کو Hypothalamus کہتے ہیں۔ اس سنٹر کی وجہ سے ایک صحت مند آدمی کا ٹمپریچر 37.5° سینٹی گریڈ یا 98.4° فارن ہائٹ ہوتا ہے۔ جسم میں گرمائش یا Heat جو غذا ہم کھاتے ہیں اس سے پیدا ہوتی ہے اور جسم کو 37.5° سینٹی گریڈ تک ٹھنڈا رکھا جاتا ہے۔ جلد سے عمل تبخیر کی مدد سے جو کہ جلد کی خون کی نالیاں کھلنے سے اور پسینہ آنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ سانس بھی اس عمل میں مددگار رہوتا ہے۔ انسان کو پسینہ اس وقت آتا ہے۔ جب فضا یا گردوپیش کا ٹمپریچر 32.5° سینٹی گریڈ سے زیادہ ہو۔ اس کے علاوہ کسی قسم کی ورزش کی وجہ سے بھی پسینہ آتا ہے۔ عمل تبخیر جلد کا ایک بہت ہی ضروری عمل ہے۔ جس سے جسم کی حرارت برقرار رکھی جاتی ہے اور بدن کو ٹھنڈا رکھا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسانی جسم کو ہر موسم اور حالات کے مطابق ڈھل جانے کی صلاحیت عطا کی ہے۔ اس صلاحیت کو Acclimitization کہتے ہیں۔ یعنی جسم کا ماحول کے مطابق ڈھل جانا یا جسم کا نئے حالات کے مطابق عادی ہو جانا۔ گرمی میں جسم کا موسم کے مطابق ڈھل جانے کا وقت ایک دو ہفتے ہیں۔ اس عمل کے دوران آہستہ آہستہ جسم میں زیادہ پسینہ آنا شروع ہوتا ہے اور پسینہ میں نمک کی مقدار بھی کم ہوتی ہے۔ جو کہ تبخیر کے عمل میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

دھوپ میں زیادہ چلنے یا گرمیوں میں زیادہ ورزشی کام کرنے کی وجہ سے پٹھوں سے اینٹھن ہو جاتی ہے۔ ورزش کی مقدار کے مطابق یہ اینٹھن ہلکی بھی ہوسکتی ہے اور کافی تکلیف دہ بھی ہوسکتی ہے۔ یہ اینٹھن زیادہ تر ٹانگوں کے پٹھوں میں ہوتی ہے جو عموماً ان نوجوانوں کو زیادہ ہوتی ہے جو گرمیوں میں سخت قسم کی ورزش کرتے ہیں۔ اس تکلیف کی وجہ پٹھوں سے یا پھر نمک کی کمی اور پٹھوں کے اندر زیادہ پانی بھر جانے اور نمک کی مقدار وہی رہنے سے ہے۔

اس اینٹھن کا علاج نمک ملا پانی یا سکنجبین میں نمک ملا کر پینے سے ہے اور اگر کھانے میں نمک کچھ زیادہ کر لیا جائے تو اس تکلیف کو روکا جاسکتا ہے۔

## گرمی سے تھکاوٹ

گرمی کی وجہ سے تھکاوٹ عموماً ان لوگوں میں ہوتی ہے جو گرمی سے Acclimitize نہیں ہوتے یا پھر جو کافی لمبی اور مشکل ورزشیں کرتے ہیں۔ یہ تھکاوٹ خصوصی طور پر فوجیوں یا سخت کام کرنے والے ایسے لوگوں میں ہوتی ہے۔ جو یکدم گرم موسم والی جگہ میں داخل ہوتے ہیں اور ان کے جسم کو نئے ماحول کے مطابق ڈھلنے کا وقت نہیں ملتا۔ زیادہ پسینہ آنے کی وجہ سے ان کے جسم میں پانی کی کمی یا پانی اور نمک دونوں کی کمی واقع ہو جاتی ہے۔ ان میں ایک دن میں بالعموم 5 سے 6 لٹر پانی جسم سے پسینہ کی شکل میں ضائع ہو جاتا ہے۔ جس کے ساتھ 20 گرام تک نمک بھی نکل سکتا ہے۔ اس کی وجہ سے مریض تمام جسم کی تھکاوٹ، چکر آنے اور کمزوری کی شکایت کرتا ہے۔ اگر وقت پر علاج نہ کیا جائے تو بیہوشی بھی طاری ہوسکتی ہے۔ عموماً یہ بیماری اس خطرناک حالت تک نہیں جاتی۔ لیکن اگر علاج نہ کیا جائے تو ایسے لوگوں میں بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے اور جسم کا ٹمپریچر زیادہ ہو جاتا ہے جو کہ 101° تا 104° فارن ہائٹ جا سکتا ہے۔ ایسے لوگوں میں پانی کی کمی کی علامات ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ پانی کی کمی اور بخار کی وجہ سے بیہوشی یا Delirivm کی کیفیت بھی ہوسکتی ہے۔ شروع میں تو پسینہ آتا رہتا ہے۔ لیکن آخر میں تمام جسم سخت گرم، خشک اور سرخ ہو جاتا ہے۔

ایسے مریضوں کو فوراً گرم جگہ سے نکال کر ٹھنڈک والی جگہ پر رکھنا چاہئے جسم کو ٹھنڈا کرنے کے لئے Cold Sponging کریں اور A.C. والے کمرے میں رکھیں اگر ہوش میں ہے اور قے نہیں کر رہا تو پھر 5 لٹر پانی میں 25 گرام نمک ملا کر 24 گھنٹے کے دورانیہ میں پلانا چاہئے۔ نقاہت شدید ہو تو ہسپتال میں داخل کرنا چاہئے۔

## لُو لگنا

یہ ایک خطرناک کیفیت ہے۔ اس میں جسم کا ٹمپریچر 105° تا 106° ڈگری فارن ہائٹ تک ہوتا ہے۔ عموماً مریض شدید سردرد کی شکایت کرتا ہے اس کے علاوہ دل متلانا، الٹیاں آنا اور کمزوری محسوس کرنا ایک عام کیفیت ہے۔ جلد سرخ، گرم اور خشک ہو جاتی ہے۔ پسینہ بالکل نہیں آتا۔ (لیکن کچھ لوگوں کو ہلکا پسینہ آسکتا ہے) تیز بخار کی وجہ سے کنفیوژن، ہذیان یعنی اوٹ پٹانگ باتیں، شور شرابہ اور پھر بیہوشی طاری ہو سکتی ہے۔ Heat Stroke گرم اور مرطوب موسم بالخصوص برسات کی سخت دھوپ میں ہوتا ہے اور ورزش کے بغیر بھی ہوسکتا ہے۔ مریض عموماً اس موسم کے عادی نہیں ہوتے۔ ان لوگوں میں پت کی وجہ سے پسینہ بھی کم آتا ہے۔ یہ زیادہ تر بوڑھوں اور شوگر کے مریضوں میں ہوتا ہے۔ تشخیص کے بعد مریض کو فوراً ٹھنڈی جگہ میں لے جائیں۔ یا ہسپتال میں داخل کروائیں۔ جلد تشخیص اور علاج سے مریض جلد صحت یاب ہوسکتا ہے اور دیر نقصان دہ ہوسکتی ہے۔ اگر علاج جلد نہ کیا جائے تو Shock اور دماغ میں سوجن کی وجہ سے موت بھی واقع ہوسکتی ہے۔ پانی کی کمی کی وجہ سے گردے اور جگر بھی کام کرنا چھوڑ سکتے ہیں۔ اس کیفیت کو ہنگامی حالت کے طور پر لینا چاہئے اور مریض کو جلد از جلد ہسپتال میں داخل کروانا چاہئے۔ جہاں اس کا علاج ICU میں ہوگا۔

پت یا Miliaria بھی زیادہ تر گرم اور مرطوب موسم میں ہوتی ہے۔ اس کی وجہ سے سرخ دانے سے نکل آتے ہیں کیونکہ پسینے کے غدود کا منہ بند ہو جاتا ہے۔ عموماً پت میں بہت زیادہ خارش اور Scratching ہوتی ہے۔ جلد سرخ ہو جاتی ہے جسم پر چھوٹے چھوٹے دانے سے نکل آتے ہیں اور ان

(باقی صفحہ 6 پر)

## سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا دست شفا

# مریضوں کی شفایابی کے حیرت انگیز، بصیرت افروز اور ایمان پرور واقعات

## حضور کی کتاب "ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل" سے اقتباسات

مرتبہ: ہومیو ڈاکٹر پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

### آنکھ کا بلڈ پریشر

''ایک مریض جس کی آنکھوں کی بلڈ پریشر کی تکلیف اتنی بڑھ گئی تھی کہ ڈاکٹروں نے اسے لاعلاج قرار دے دیا تھا اور خطرہ ظاہر کیا تھا کہ مزید دباؤ بڑھنے سے خلیے پھٹ سکتے ہیں جس سے مریض مستقل اندھا ہوسکتا ہے۔ جو نسخہ میں نے اس مریض کو دیا اس کا مرکزی جزو بیلا ڈونا تھا۔ حیرت انگیز طور پر ایک ہفتہ کے اندر آنکھ کا بلڈ پریشر اعتدال کی طرف مائل ہوگیا اور اب وہ مریض بالکل صحت یاب ہو چکا ہے''۔

(ص:140)

### (بعض) آوازیں سنائی نہ دیں

''چینوپوڈیم کے اکثر مریض بعض آوازوں کو بآسانی سن لیتے ہیں اور بعض کو بالکل نہیں سن سکتے۔ مثلاً مردوں کی آواز سنائی نہیں دیتی لیکن عورتوں اور بچوں کی آوازیں سن لیتے ہیں۔ کیونکہ انہیں موٹی آوازیں کم سنائی دیتی ہیں جبکہ باریک آوازیں وہ سن سکتے ہیں۔ کئی ایسے مریض جو بہت کم سن سکتے تھے اس دوا سے شفایاب ہوگئے اور بہت نمایاں فرق پڑا''۔

(ص:279)

### اپنڈیکس

''آئرس ٹینیکس ...... کا دائیں طرف سے نسبتاً زیادہ تعلق ہے اس لئے یہ اپنڈیکس کے لئے بھی بہترین دوا ہے۔...... میں نے آئرس ٹینیکس کو آرنیکا اور برائیونیا کے ساتھ 200 طاقت میں ملا کر اپنڈیکس کی تکلیفوں میں بارہا استعمال کیا ہے اور یہ بے حد مفید نسخہ ثابت ہوا ہے اور حیرت انگیز اثر دکھاتا ہے۔ اگر تشنجی علامات نمایاں ہوں تو برائیونیا کی بجائے بیلا ڈونا استعمال کرنی چاہئے۔ بسا اوقات اپنڈیکس کی وجہ سے بہت خطرناک صورتحال پیدا ہوجاتی ہے اور یہ تکلیف پیچیدگی اختیار کرلیتی ہیں۔ یہ تینوں دوائیں مل کر اس صورتحال پر قابو پالیتی ہے۔ مجھے اکثر اپنڈیکس کی تکلیف ہوا کرتی تھی۔ اس نسخہ سے میں ٹھیک ہوجاتا تھا۔ ایک دفعہ میں سفر میں تھا۔ آغاز سے ہی تکلیف کا احساس ہونے لگا۔ میں نے یہ تینوں دوائیں استعمال کیں۔ سفر میں ایک رات گزری اور اگلے روز خود چارسو میل موٹر چلا کر کراچی پہنچا۔ درد قابو میں رہا۔ اگلے صبح مجھے ہسپتال لے جایا گیا۔ جب سرجن نے میرا معائنہ کیا تو حیرت زدہ رہ گیا کہ اپنڈیکس جگہ جگہ سے پھٹ چکا تھا اور پیپ بہہ رہی تھی۔ ایسی خطرناک حالت تھی کہ بظاہر میرا زندہ رہنا اور پھر چارسو میل موٹر چلا کر ایسی حالت میں وہاں پہنچنا سرجن کے ناقابل فہم تھا۔ اس کے بعد میرا آپریشن تو ہوا لیکن میں نے پنسلین کی بجائے اندمال زخم کے لئے ہومیو پیتھک جراثیم کش دوائیں ہی استعمال کیں''۔

(ص:481,480)

### (بہار کی) الرجی

''بہار میں اگر اچانک سخت چھینکیں آنے لگیں تو یہ بھی لیکسس کی ایک علامت ہے اور بعض مریضوں پر میں نے خود آزما کر دیکھا ہے کہ سالہا سال کی بہار کی الرجی یعنی دن رات بکثرت چھینکیں آنا لیکسس ایک ہزار کی ایک ہی خوراک سے دور ہوگئی اور پھر دوبارہ کبھی تکلیف نہیں ہوئی۔ غالباً سو میں سے دس مریض ضرور ایسے ہوں گے جن کو لیکسس ایک ہزار کی ایک ہی خوراک نے اتنا نمایاں فائدہ پہنچایا۔ لیکسس سے ٹھیک ہونے کے بعد اگر دوبارہ الرجی ہو تو کچھ عرصہ کے بعد مثلاً پندرہ دن یا مہینے کے وقفہ سے لیکسس کو دہرایا جاسکتا ہے''۔ (ص:541)

### ایڈز

''ایڈز بھی کینسر ہی کی طرح ایک لاعلاج بیماری سمجھی جاتی ہے۔ مختلف ممالک میں ایڈز پر میرے زیرنگرانی سلیشیا CM کے تجربے ہوئے ہیں۔ بہت سے مریضوں میں سلیشیا نے حیرت انگیز اثر دکھایا ہے''۔ (ص:257)

### ایک پرانی تکلیف

''ایک اور واقعہ ہومیوپیتھی میں میری دلچسپی کا موجب یہ بنا کہ جب میری شادی ہوئی تو میری اہلیہ آصفہ بیگم کو ایک پرانی تکلیف تھی جس کا انہوں نے مجھ سے ذکر کیا۔ حضرت ابا جان کے پاس ہومیوپیتھی کی کتابیں بہت تھیں، میں نے سوچا کہ ان میں سے کوئی دوائی ڈھونڈتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا ایسا تصرف ہوا کہ پہلی کتاب کو جس جگہ سے میں نے کھولا وہاں ایک دوائی نیٹرم میور (Natrum Mur) کی جو علامات درج تھیں وہ بالکل وہی تھیں جو آصفہ بیگم نے بتائی تھیں۔ وہ دوا میں نے اونچی طاقت میں انہیں دی۔ ان کو اس کی ایک خوراک سے ہی ایسا آرام آیا کہ پھر کبھی زندگی بھر وہ تکلیف دوبارہ نہیں ہوئی۔ اس سے مجھے یقین ہوگیا کہ ہومیوپیتھی خواہ میری سمجھ میں آئے یا نہ آئے، اس کا فائدہ ضرور ہوتا ہے اور اس میں ضرور کچھ حقیقت ہے۔ اس کے بعد میں نے حضرت ابا جان کی لائبریری سے ہومیوپیتھی کی کتابیں لے کر پڑھنا شروع کیں۔ بعض اوقات ساری ساری رات انہیں پڑھتا رہتا۔ لمبا عرصہ مطالعہ کے بعد میں نے دوائیوں اور ان کے مزاج سے واقفیت حاصل کی اور ان کے استعمال اور خصوصیات کا اچھی طرح ذہن میں نقشہ جمایا اور پھر مریضوں کا علاج شروع کیا''۔ (ص:II)

### ایگزیما

''رسٹاکس کے ایگزیما میں پانی بہت بہتا ہے۔ اسے رونے والا (Weeping) ایگزیما کہتے ہیں۔ میرے پاس ایک دفعہ ایک بہت غریب مریضہ آئی جس کے ہاتھوں پر بہنے والا سخت تکلیف دہ ایگزیما تھا۔ وہ روزمرہ کا کھانا پکانے سے بھی معذور تھی۔ خاوند اور بچے بھی اس وجہ سے سخت تکلیف میں مبتلا تھے۔ میں نے اسے ایک ہزار میں رسٹاکس دی تو حالت مزید بگڑ گئی لیکن چند دنوں میں پانی خشک ہونے لگا۔ اگلے ہفتہ دوبارہ رسٹاکس دینے سے ردعمل ہوا لیکن پہلے سے کم، تین چار ہفتوں میں اس کے ہاتھ بالکل صاف ہو گئے اور ایگزیما کا نام ونشان بھی باقی نہ رہا۔ پس جب یہ دوا کام کرتی ہے تو حیرت انگیز اثر دکھاتی ہے۔ میرے علم کے مطابق اس کا کوئی اور متبادل نہیں ہے۔ جہاں رسٹاکس کی خاص علامتیں نمایاں ہوں وہاں رسٹاکس ہی دینی پڑے گی'' (ص:710,709)

### بدبو

''بعض نوجوان جو اپنے جسم سے آنے والی بدبو سے خود بھی سخت بیزار تھے انہیں رس گلا برا سے نمایاں فائدہ ہوا اور بعض تو مکمل طور پر شفا پا گئے''۔

(ص:705)

### بلڈ پریشر گر جانا

''مریض جب آخری دموں پر ہو تو خون کا دباؤ اکثر گر جاتا ہے۔ کاربوویج کی ایک خوراک سے ہی اچانک گرمی پیدا ہونے لگتی ہے۔ ایک دفعہ ایک مریض کو دل کا شدید حملہ ہوا۔ جب میں وہاں پہنچا تو وہ بظاہر بے جان ہو چکے تھے۔ ماتھے پر سخت ٹھنڈا پسینہ تھا اور سانس کالعدم تھا۔ میں نے فوراً کاربوویج کے دو تین قطرے ان کے منہ میں ٹپکا دیئے۔ تھوڑی دیر میں ہی ان کا سانس بحال ہوگیا۔ ماتھے کا پسینہ ختم ہوگیا اور جسم میں آہستہ آہستہ گرمی پیدا ہونے لگی۔ ان کی حالت سنبھلنے پر میں نے انہیں دل کی طاقت کے لئے دوائیں دیں لیکن اس علاج کے قابل بنانے میں کاربوویج نے حیرت انگیز اثر دکھایا''۔ (ص:242)

### بہرہ پن

''میں نے بعض مریضوں کو جن میں کان کی ہڈی کی خرابی کی وجہ سے تیزی سے بہرہ پن پیدا ہو رہا تھا سلفر CM استعمال کروائی۔ اس سے ہڈی کی بیماری ختم ہوگئی اور بہرہ پن جہاں تک پہنچا تھا وہیں رک گیا''۔

(ص:588,587)

### (پاؤں میں) شیشے کا ٹکڑا پھنس گیا

''اگر سوئی جسم میں داخل ہوجائے یا کسی دھات یا کنکر کا ٹکڑا جسم کے اندر کہیں پھنسا ہو تو سلیشیا اسے باہر دھکیل دیتی ہے اور ایسے پراسرار طریق پر باہر نکال دیتی ہے کہ یہ طریق ابھی تک انسانی سمجھ سے بالا ہے مگر مشاہدات قطعی ہیں۔ ایک دفعہ ایک قابل سرجن نے مجھے بتایا کہ کسی مریض کی انتڑیوں میں سوئی پھنسی ہوئی تھی اور اپریشن خطرناک تھا۔ اسے انہوں نے سلیشیا کی شہرت سن کر سلیشیا دی۔ کچھ عرصہ کے بعد اندرونی اعضاء کو زخمی کئے بغیر وہ سوئی خود ہی جسم سے باہر نکل گئی اور سوئی کے جسم سے باہر نکلنے کا رستہ سیدھا جلد کے قریب ترین تھا۔ مختلف جھلیاں اور چربی کی تہیں وغیرہ بالکل حائل نہیں ہوئیں اور نہ ہی زخمی ہوئیں۔ یہ طریق جیسا کہ بیان کیا گیا ہے۔ انسانی فکر اور تصور کے احاطہ میں نہیں آسکتا مگر مشاہدہ اتنا قطعی اور بار بار ہونے والا ہے کہ کوئی معقول انسان اس کا انکار نہیں کرسکتا۔ ایک دفعہ ربوہ میں ایک بچے کے پاؤں میں شیشے کا ایک بڑا سا اور ٹیڑھا ٹکڑا پاؤں کی ہڈی تک پہنچ کر وہیں پھنس گیا۔ پاؤں اتنا سوج گیا تھا کہ ڈاکٹروں نے اپریشن کرنے سے انکار کردیا۔ اسے مسلسل ایک مہینہ تک 6x میں سلیشیا کھلائی گئی۔ سلیشیا کے اثر سے سوجن رفع ہوگئی اور شیشے کا وہ ٹکڑا بڑے آرام سے باہر نکلنے لگا

یہاں تک کہ اس کا ایک کنارہ جلد سے اوپر نکل آیا۔ تب اسے موچنے سے کھینچا گیا تو بغیر تکلیف کے باہر آ گیا۔ (ص751)

## پتہ کا درد

''ایک دفعہ میں نے ایک مریض کو پتہ کے درد کے لئے تمام معروف دوائیں دیں لیکن اسے فرق نہیں پڑا۔ وقت نکال کر جب اس کی عمومی علامات کا جائزہ لیا تو پتہ چلا کہ کسی نفسیاتی اور اعصابی دباؤ کی وجہ سے اس کا اعصابی نظام درہم برہم ہو گیا ہے۔ دراصل وہ سیپیا (Sepia) کا مریض نکلا اور سیپیا دینے پر اس کی آنکھیں کھل گئیں۔ درد جاتا رہا اور وہ بالکل ٹھیک ہو گیا''۔ (ص:XII)

## پراسٹیٹ کا کینسر

''پراسٹیٹ کے کینسر میں سب سے مؤثر دوا سلیشیا CM ہے۔ گزشتہ چند سالوں میں کئی مریضوں پر اس کا تجربہ کیا گیا ہے جو بے حد کامیاب ثابت ہوا ہے۔ اگر سلیشیا CM کی ایک خوراک سے کچھ فائدہ ہو کر رک جائے تو وقفہ کے بعد دوبارہ دی جاسکتی ہے۔ لیکن بلاوجہ دہرانی نہیں چاہئے۔ کینسر میں خواہ وہ کسی جگہ کا ہو بہت اونچی طاقت حسب ضرورت جلد بھی دہرائی جاسکتی ہے لیکن اگر پہلی خوراک کا فائدہ جاری ہو تو بے وجہ جلد نہیں دہرانی چاہئے۔'' (ص:685)

## پولیو

''ایک بچے کی ٹانگیں پولیو کے حملہ کی وجہ سے ٹیڑھی ہو گئی تھیں اسے سلفر اور برائیٹا کارب دی گئیں جن سے اتنا نمایاں فائدہ ہوا کہ وہ اب معمول کے مطابق زندگی گزار رہا ہے اگرچہ مکمل صحت نہیں ہے لیکن چلتا پھرتا ہے، حالانکہ ڈاکٹروں نے کہا تھا کہ عمر گزرنے کے ساتھ ساتھ اس کی یہ تکلیف بڑھتی جائے گی''۔ (ص:131)

''میں رسٹاکس کو سلفر کے ساتھ ادل بدل کر دیتا ہوں۔ کیونکہ سلفر دفاعی ردّعمل کو جگا دیتی ہے اور رسٹاکس فالجی اثرات کو دور کرتی ہے۔ اس نسخہ سے پولیو کے بہت پرانے مریضوں کو بھی اللہ کے فضل سے بہت نمایاں فائدہ ہوا۔ رسٹاکس کا فالج سے بہت گہرا تعلق ہے۔ ہومیو ڈاکٹر عموماً پرانے فالجوں میں رسٹاکس کو استعمال نہیں کرتے حالانکہ یہ بہت کارآمد دوا ہے۔ شرط یہ ہے کہ سلفر سے ادل بدل کر دیں''۔ (ص:677)

''بچوں کے فالج (Infantile Paralysis) میں رسٹاکس بہت اچھا اثر دکھاتی ہے۔ بچے کو بخار ہوتا ہے اور اس کے بعد آہستہ آہستہ فالجی اثرات ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ اگر کسی کو بہت بچپن میں فالج ہو چکا ہو یا ٹانگ کا کوئی حصہ کمزور ہونے لگے تو فوری طور پر رسٹاکس شروع کروانی چاہئے۔ اسے سلفر سے ادل بدل کر دیں تو بہتر اثر ہوتا ہے۔ سلفر از خود بھی فالجی امراض میں بہت مفید ہے اس لئے دونوں مل کر بہت مفید ثابت ہوتی ہیں۔ پولیو کے بعض بہت پرانے مریض اس نسخہ سے خدا کے فضل سے بالکل شفایاب ہو گئے۔ وقتی طور پر جسم کا کوئی حصہ سو جائے تو وہ اور بات ہے، کچھ عرصہ کے بعد یہ کیفیت خود ہی جاتی رہتی ہے۔ لیکن اگر فالجی کمزوری محسوس ہو تو پھر رسٹاکس فوراً دینی چاہئے جو اکثر کام کرتی ہے''۔ (ص:711)

## پھلبہری

''مرکری کی ایک علامت یہ ہے کہ جسم پر سفید رنگ کے چٹاخ پڑ جاتے ہیں جو پھلبہری کی طرح ہوتے ہیں لیکن پھلبہری نہیں ہوتے اور پھلبہری کی طرح بڑھتے اور پھیلتے نہیں ہیں۔ اگر مرکری کی مزاجی علامتیں ملتی ہوں تو بعض دفعہ یہ پھلبہری کی بھی بہت مؤثر دوا ثابت ہوتی ہے۔ ایک مریض کا سارا جسم پھلبہری کے داغوں سے بھر گیا تھا۔ اس میں چونکہ مرکری کی دوسری علامات موجود تھیں میں نے ایک ہزار کی طاقت میں مرکری استعمال کروائی۔ ایک ہفتہ میں اتنا نمایاں فرق پڑا کہ جب وہ مجھے ملنے آیا تو میں اسے پہچان بھی نہ سکا، سب داغ غائب ہو گئے اور دوبارہ کبھی اسے یہ مرض نہیں ہوا''۔ (ص:593,592)

## پھیپھڑوں میں سوراخ

''اگر تپ دق کی وجہ سے پھیپھڑوں پر داغ پڑ جائیں اور سوراخ ہو جائیں تو مرکسال اور کالی کارب دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ ایک خاتون کے پھیپھڑوں میں سل کے نتیجہ میں سوراخ ہو گئے تھے اور ڈاکٹروں کے نزدیک ان کا کوئی علاج نہیں تھا۔ جب ہومیوپیتھک طریق پر ان کا علاج مرکسال 200 اور کالی کارب 30 سے کیا گیا تو چند مہینوں میں وہ بالکل صحت یاب ہو گئیں۔ جب ہسپتال کے ڈاکٹروں نے ایکسرے لیا تو ان سوراخوں کا نام و نشان بھی نہیں تھا۔ وہ یہ یقین کرنے کے لئے تیار نہیں تھے کہ یہ وہی مریضہ ہیں''۔ (ص:164)

## (وضع حمل کے وقت)

## پیشاب بند ہو جانا

''اگر وضع حمل کے وقت عورت کے گردوں پر اثر ہو، خوف، دباؤ یا سوزش کی وجہ سے پیشاب بند ہو جائے تو بسا اوقات کاسٹیکم ناگزیر ہو جاتی ہے۔ بلکہ ایسی حالت میں یہ جان بچانے والی دوا بن جاتی ہے۔ بعض عورتوں کو جنہیں وضع حمل کے بعد چوبیس گھنٹے تک پیشاب نہیں آیا جب کاسٹیکم دی گئی تو شروع میں خون والا پیشاب آیا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ گردوں میں سوزش تھی، فالجی حالت نہیں تھی۔ پھر پیشاب کے ساتھ خون کم ہونے لگا اور کھل کر پیشاب آنا شروع ہو گیا۔ بعد میں انہیں پریرا بریوا (Pareira Brava Q) کا کورس دیا گیا۔ کیونکہ پریرا گردوں کو دھونے اور پیشاب کو زیادہ کرنے میں عمومی طور پر اچھا اثر ظاہر کرتی ہے''۔ (ص:265)

## تکلیف کی بجائے آسانی

''میں نے ایک مریضہ کو آرسینک ایک لاکھ اس حالت میں دی کہ ڈاکٹر بالکل مایوس ہو چکے تھے اور درد کم کرنے والی دوائیں بھی بند کر دی تھیں کیونکہ ان سے بے چینی میں اضافہ ہو جاتا تھا۔ اس کے بعد وہ جتنی دیر بھی زندہ رہیں بہت اطمینان اور سکون سے وقت کاٹا۔ گویا آرسینک موت کا موجب نہیں بنتی۔ البتہ اگر موت آ گئی ہو تو آخری لمحوں کو آسان کر دیتی ہے''۔ (ص:95)

## جبڑے کی ہڈی کا کینسر

''بعض دفعہ جبڑا سوج کر بہت موٹا ہو جاتا ہے۔ سب علامتیں عموماً ہیکلا لاوا سے ملتی ہیں لیکن اس کے باوجود اس سے کوئی خاص فائدہ نہیں ہوتا۔ اس سلسلہ میں سب سے اہم اور مؤثر دوا سلفر ہے جو ایسی خطرناک علامتوں میں بھی کام کرتی ہے جن کے بارے میں عام معالجین کا یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ ناقابل علاج ہو چکی ہیں۔ مثلاً جبڑے کی ہڈی کا کینسر ہے جو بہت بڑھ چکا ہو۔ اس کے نتیجہ میں شدید تکلیف ہوتی ہے۔ اس سے کان بھی متاثر ہوتا ہے۔ میں نے بارہا ایسے مریضوں کا سلفر کے ذریعہ کامیاب علاج کیا ہے۔ ایک مریضہ اس بیماری سے شدید تکلیف میں تھی۔ ایک طرف کا چہرہ سخت سوجا ہوا تھا، آنکھوں میں دباؤ تھا اور درد اتنا شدید ہوتا تھا کہ چیخیں نکل جاتی تھیں۔ دیر تک ایک بہترین ہسپتال میں داخل رہیں مگر ڈاکٹروں کی کچھ پیش نہ گئی اور آخر انہیں لاعلاج قرار دے کر ہسپتال سے فارغ کر دیا گیا۔ میں نے انہیں سلفر CM کی ایک خوراک دی جس سے ان کا درد کم ہو گیا۔ دو ہفتے کے اندر ہی سوزش میں نمایاں طور پر کمی آ گئی۔ پھر میں نے انہیں سلیشیا CM کی ایک خوراک دی جس سے شفایابی کی رفتار جو رک گئی تھی بحال ہو گئی۔ اس کے کچھ عرصہ بعد سلفر CM دوبارہ دی تو بیماری کا نام و نشان تک باقی نہ رہا۔ اس بات کو کئی سال گزر چکے ہیں اور آج تک وہ بالکل ٹھیک ٹھاک اور صحت مند ہیں''۔ (ص:428,427)

## جگر کے کینسر اور گہری بیماریاں

جگر کی گہری بیماریوں میں حسب ذیل نسخہ بہت مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ برائیونیا 200 دن میں ایک دوبار اور سلفر 30 دن میں 3 دفعہ روزانہ۔ اس کے ساتھ کارڈوس میریانس مدرٹنکچر کے چند قطرے پانی میں ملا کر دن میں 3 دفعہ دی جائے۔ Hepatitis B میں بھی یہ نسخہ بہت اچھا ثابت ہوا ہے۔ یہی نسخہ جگر کے کینسر میں بھی بہت مفید ہے۔ بعض ایسے مریض تجربہ میں آئے ہیں جن کو ڈاکٹروں نے قطعی طور پر جگر کا کینسر تشخیص کیا اور ہر قسم کی ریڈی ایشن (Radiation) اور دواؤں کے استعمال کے بعد لاعلاج قرار دے دیا۔ جب یہ سمجھا کہ اب دو تین دن کے مہمان ہیں تو انہیں ہسپتال سے فارغ کر کے گھر بھجوا دیا گیا۔ اس وقت جب اسی نسخہ سے ان کا علاج کیا گیا تو تین دن میں مرنے کی بجائے تین دن میں صحت کے آثار واپس لوٹ آئے جس کی پہلی علامت یہ ظاہر ہوئی کہ پیاس اور بھوک جو بالکل مٹ چکی تھی از سر نو بحال ہونے لگی۔ جگر کے بہت سے دوسرے مریضوں نے بھی اس نسخے سے استفادہ کیا ہے اور ابھی تک بقید حیات ہیں''۔ (ص:163,162)

## چوٹیں

☆''ایک دفعہ ایک فوجی افسر میجر ممتاز ایکسرسائز کے دوران ہمالہ کی ایک برفانی چوٹی سے پچھتر فٹ گہرائی میں جا گرے تھے۔ ان کی چوٹیں اس قدر شدید تھیں کہ ڈاکٹروں نے مایوسی کا اظہار کر دیا تھا۔ میں نے انہیں آرنیکا ایک ہزار اور نیٹرم سلف ایک ہزار پوٹینسی میں پہلے دن دو دفعہ، پھر روزانہ ایک دفعہ استعمال کروائی۔ اللہ کے فضل سے حیرت انگیز طور پر شفایاب ہو گئے''۔ (ص:85)

☆''ایک دفعہ میرے پاس ایک ایسا مریض لایا گیا جس کا سارا جسم سر سے پاؤں تک لاٹھیوں کی ضربوں سے کالا اور نیلا ہو رہا تھا۔ حالت اتنی خطرناک تھی کہ لگتا تھا جلد مر جائے گا۔ میں نے اسے آرنیکا کی بہت سی خوراکیں دے کر گھر بھجوا دیا۔ دوسرے دن شام تک جب اس کی طرف سے کوئی اطلاع نہیں ملی تو تشویش لاحق ہوئی۔ پتہ کروایا تو جواب ملا کہ وہ تو رات ہی بالکل ٹھیک ہو گیا تھا اور اب بھاگا دوڑا پھر رہا ہے۔ الحمدللہ''۔ (ص:84)

## حضرت عمر فاروقؓ کی حکومت

خلیفہ ثانی حضرت عمر فاروقؓ کے ماتحت ممالک کا رقبہ تقریباً ساڑھے بائیس لاکھ مربع میل تھا۔ ان میں شام، جزیرہ نما عرب، مصر، عراق، ایران (فارس)، جزیرہ خوزستان، عراق عجم، آرمینیا، کرمان، آذربائیجان، خراسان اور مکران شامل تھے۔ اتنا وسیع و عریض رقبہ ہونے کے باوجود یہاں عدل وانصاف و رواداری کا اعلیٰ نظام قائم تھا۔

(بقیہ صفحہ 4)

دانوں میں جراثیم داخل ہونے کی وجہ سے جلد کی دوسری بیماریاں بھی لگ جاتی ہیں۔ پت سے بچنے کے لئے ٹھنڈی جگہ رہنے کی کوشش کریں۔ دن میں 2 تا 3 مرتبہ شاور سے نہائیں۔ اگر زیادہ خارش وغیرہ ہو تو Calamina لوشن لگائیں۔

(ماہنامہ ''مومن'' لاہور 8 اگست 2006ء)

# اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## سانحہ ارتحال

مکرم منیر ذوالفقار چوہدری صاحب نائب صدر جماعت احمدیہ ناصر آباد فارم ضلع میر پور خاص تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ فضیلت بیگم صاحبہ زوجہ مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب مرحوم مورخہ 25 نومبر 2007ء کو بوجہ ہارٹ اٹیک وفات پا گئی ہیں۔ آپ کی نماز جنازہ مکرم عصمت اللہ قمر صاحب مربی سلسلہ نے پڑھائی اور بوجہ موصیہ ہونے کے جنازہ ربوہ لایا گیا۔ ربوہ میں بعد نماز ظہر آپ کی نماز جنازہ مکرم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ صاحب نے ہی دعا کروائی۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ آپ کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین نیز خاکسار تمام احباب جماعت کا دلی شکر گزار ہے جنہوں نے خود تشریف لا کر یا بذریعہ فون تعزیت فرمائی۔ اللہ تعالیٰ سب کو اجر عظیم سے نوازے۔

## قرارداد تعزیت

محترمہ نصرت تنویر صاحبہ اسسٹنٹ پروفیسر عربی گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین ربوہ کی وفات پر گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین کی پرنسپل، اساتذہ اور جملہ ملازمین کی طرف سے ایک قرارداد تعزیت موصول ہوئی ہے جس میں ان کی 17 سالہ سروس پر خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ اس دور میں انہوں نے نہایت ذمہ داری سے اپنے فرائض منصبی کو ادا کیا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ مغفرت کا سلوک فرمائے۔ اور ان کے درجات بلند کرے۔ آمین

(از طالبات، ملازمین، اساتذہ اور پرنسپل گورنمنٹ جامعہ نصرت ربوہ)

## اعلان دارالقضاء

(مکرمہ شازیہ ناصر صاحبہ ترکہ مکرم ناصر الدین صاحب مرحوم)

مکرمہ شازیہ ناصر صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میرے خاوند مکرم ناصر الدین صاحب ولد محمد الدین مجاہد صاحب 8/28 دارالرحمت شرقی ربوہ بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔

ان کے ترکہ میں مبلغ تیس ہزار روپے بطور سیکیورٹی دکان موجود ہیں براہ کرم یہ رقم مجھے ادا کر کے ممنون فرمائیں دیگر کسی وارث کو اس منتقلی پر اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ مکرمہ شازیہ ناصر صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم حاشر احمد صاحب (بیٹا)
3۔ مکرمہ حمدیٰ عفت صاحبہ (بیٹی)
4۔ مکرم محمد الدین مجاہد صاحب (والد)
5۔ مکرمہ لیئقہ بیگم صاحبہ (والدہ)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ 15 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

## درخواست دعا

مکرمہ قرۃ العین صاحبہ اہلیہ مکرم پیر انصار الدین صاحب راولپنڈی تحریر کرتی ہیں۔

میرے پیارے بھائی نعیم احمد صاحب عرصہ تین سال سے ٹانگوں میں تکلیف کی وجہ سے بیمار ہیں۔ شدید تکلیف کی وجہ سے چل نہیں سکتے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور ہماری پریشانی دور فرمائے۔ آمین

# خبریں

## ریلوے نے ”میرج کار“ سروس شروع کر دی

پاکستان ریلویز نے خیبر سے کراچی تک بارات لانے یا پہنچانے کیلئے ”میرج کار“ کی سروس شروع کر دی ہے۔ اس خصوصی کوچ میں 26 مسافروں کی گنجائش اور دلہا، دلہن کیلئے کمرے کے علاوہ 2 بیڈ رومز، 2 باتھ رومز، ڈائننگ ہال، کم لاؤنج اور کچن کی سہولت بھی رکھی گئی ہے۔ اس کوچ کو ائر کنڈیشنڈ بنایا گیا ہے اور اس کی پیشگی بکنگ ریلوے ہیڈ کوارٹرز میں چیف کمرشل مینیجر کے دفتر سے براہ راست کی جائے گی۔ اس کوچ کو لوگوں کی ضروریات اور امنگوں کے مطابق بنایا گیا ہے۔

## جین کو انسانی دل اور دماغ کے ریشے بنانے میں استعمال کیا جائے گا

سائنسدانوں نے انسانی جلد کے خلیوں کی نئی ترتیب دریافت کی ہے جس سے جنین سے مشابہ نمو پا سکنے والے خلیے انسانی جسم کے کسی بھی ریشے کی شکل اختیار کر سکیں گے۔ یہ کامیابی سائنسدانوں کے دو گروپوں نے حاصل کی۔ اس کے نتیجے میں خلیوں کے حصول کا ایسا نیا ذریعہ حاصل ہوگا جس کے نتیجے میں بہت سی بیماریوں کے علاج دریافت کرنا ممکن ہو سکے گا۔ اس دریافت کا سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ اب خلیوں کے حصول کیلئے انسانی جین پر انحصار نہیں کرنا پڑے گا، تجربہ گاہ میں ایسے خلیوں نے دل سے مشابہ شکل اختیار کی اور دھڑکنا شروع کر دیا۔

## کائناتی شعاعیں حساس آلات کیلئے خطرناک ہوسکتی ہیں

کائنات میں انتہائی تیز رفتاری سے سفر کرنے والی شعاعیں جنہیں انسانی صحت کیلئے خطرناک نہیں سمجھا جاتا، انتہائی حساس مائیکرو الیکٹرانک آلات کیلئے انتہائی خطرناک اور تباہ کن ثابت ہوسکتی ہیں۔ اس بات کا انکشاف فرانسیسی سائنسدانوں نے ایک تحقیقی رپورٹ میں کیا۔ کائناتی شعاعیں جو نیوٹر نیوز پر مشتمل ہوتی ہیں میموری چپس کیلئے خاص طور پر نقصان دہ ہیں۔ طاقتور نیوٹر نیوز کے چپ سے ٹکرانے کی صورت میں اس میں موجود برقی رو میں زبردست اضافہ ہوسکتا ہے۔

## سپین کا ڈکٹیٹر۔ جنرل فرانکو

(4 دسمبر 1892ء تا 20 نومبر 1975ء)

فرانکو بہامونڈے فرانسسکو (Franco Bahmonde Frnacisco) سپین کا ڈکٹیٹر تھا۔ 1910ء میں فوج میں شمولیت اختیار کی۔ مراکش میں فوجی خدمات انجام دیں۔ 1935ء میں چیف آف سٹاف اور 1936ء میں کیناری جزائر کا گورنر بنا۔ پاپولر فرنٹ حکومت نے اسے سبکدوش کر دیا۔ اس نے اٹلی اور جرمنی کی مدد سے انقلابی حکومت تشکیل دی۔ 1939ء میں فرانس اور برطانیہ نے اس کی حکومت کو تسلیم کر لیا۔ اسی سال اس کی فوجوں نے میڈرڈ پر قبضہ کر لیا۔ فرانکو ملک کا وزیراعظم بن گیا۔ 1947ء میں اسے تاحیات سربراہ مملکت قرار دیا گیا اور وفات تک سربراہ رہا۔

جنرل فرانکو کے دور میں دعوت الی اللہ پر سخت پابندیاں تھیں اور احمدی مربی مولانا کرم الٰہی ظفر کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

## گمشدگی کاغذات

مکرم ملک عبدالرب صاحب دارالرحمت غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

یکم دسمبر 2007ء کو مارکیٹ ملحقہ یوٹیلیٹی سٹور ریلوے روڈ سے اپنے گھر دارالرحمت غربی ربوہ آتے ہوئے ایک عدد چھوٹی نوٹ بک کریم کلر سائز "4x10 (تقریباً) شاپر کے اندر بند گر گئی ہے۔ جس میں میرے بعض ذاتی ضروری حسابات ہیں۔ براہ مہربانی جس کو ملے وہ یوٹیلیٹی سٹور کارپوریشن ریلوے روڈ پر پہنچا کر یا درج ذیل فون نمبر پر اطلاع کر کے شکریہ کا موقع دیں۔

6211187-0301-7962024

## درخواست دعا

مکرم محمد انور ہاشمی صاحب افغاناں کالونی ملتان تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم محمد اقبال ہاشمی صاحب کو موٹر سائیکل پر حادثہ پیش آ گیا تھا۔ اب طبیعت پہلے سے بہتر ہے۔ ہسپتال سے گھر آ گئے ہیں ڈاکٹروں نے ایک ماہ مکمل آرام کرنے کو کہا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ صحت والی لمبی فعال زندگی سے نوازے۔ آمین

ڈیلر: سی آر سی شیٹ اور کوائل
الرحیم سٹیل
139۔ لوہا مارکیٹ لنڈا بازار۔ لاہور
طالب دعا: عبدالرحیم، عبدالقیوم
فون آفس: 7653853-7669818 فیکس: 7663786
Email:alraheemsteel@hotmail.com

New Mian Bhai
10 Montgomery Road
Lahore -6 Pakistan
Deals in Suzuki Genuine Parts
PH:6313372-6313373

چپ بورڈ، پلائی ووڈ، ویزر بورڈ، لیمینیشن بورڈ، فلش ڈور، مولڈنگ، کیلئے تشریف لائیں۔
فیصل ٹریڈنگ کمپنی
145 فیروز پور روڈ جامعہ اشرفیہ لاہور
طالب دعا: فیصل خلیل خاں، قیصر خلیل خاں
فون: 7563101 موبائل: 0300-4201198

Deals in HRC,CRC,EG,P&O,Sheets &Coil
JK STEEL
6-D Madina Steel Sheet Market
Landa Bazar, Lahore
PH:0092-42-7656300-7642369
Fax:7667414
Talb-E-Duaa: Kamal Nasir, Jamal Nasir

کالکیشیا مدر ٹنکچر (سپیشل) (تندرستی کا خزانہ)
مردوں اور عورتوں، نوجوانوں اور بوڑھوں کیلئے اللہ کے فضل سے ایک مکمل ٹانک ہے۔ نیز وقت سے پہلے بالوں کو گرنے اور سفید ہونے سے روکنے کیلئے مفید ترین دوا ہے۔

ٹنی برمدر ٹنکچر (سپیشل)
معدہ و پیٹ کی تمام تکالیف، تیزابیت، جلن، درد، السر بدہضمی گیس، قبض اور بھوک کی کمی کی ایک مکمل دوا ہے۔
(پیکنگ 25ML قیمت/150 روپے 120ML قیمت/600- روپے)

جگر ٹانک GHP-512/GH
جگر کی جملہ تکالیف کو دور کرنے اور ہر قسم کے یرقان سے بچاؤ یا اس کے بد اثرات ختم کرنے کے علاوہ جگر کی طاقت کیلئے مؤثر دوا ہے۔

عزیز ہومیو پیتھک کلینک اینڈ سٹور
رحمان کالونی ربوہ۔ فیکس نمبر 047-6212217
فون: 047-6211399,6005666
راس مارکیٹ نزد ریلوے پھاٹک اقصیٰ روڈ ربوہ
فون: 047-6212399,6005622

## ضرورت برائے اساتذہ

نصرت جہاں اکیڈمی انگلش میڈیم بوائز میں انگریزی، میتھ، کیمسٹری اور بیالوجی کی تدریس کیلئے اساتذہ کی فوری ضرورت ہے تعلیمی قابلیت ایم اے/ایم ایس سی ہونی چاہئے۔ البتہ بی ایس سی، بی ایڈ حضرات بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ مندرجہ بالا مضامین پڑھانے کے خواہشمند اساتذہ اپنی درخواست صدر صاحب محلہ/امیر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ بنام چیئرمین صاحب ناصر فاؤنڈیشن ربوہ کو مورخہ 16 دسمبر 2007ء تک دفتر نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ میں بھجوادیں۔

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

ربوہ میں طلوع وغروب 4 دسمبر

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 5:24 |
| طلوع آفتاب | 6:50 |
| زوال آفتاب | 11:58 |
| غروب آفتاب | 5:06 |


احمد ٹریولز انٹرنیشنل
گورنمنٹ لائسنس نمبر 2805
یادگار روڈ ربوہ
اندرون وبیرون ہوائی ٹکٹوں کی فراہمی کیلئے رجوع فرمائیں
Tel:6211550 Fax 047-6212980
Mob:0333-6700663
E-mail:ahmadtravel@hotmail.com

BCS Bilal Consultancy Services
آسٹریلیا اور آئرلینڈ میں اعلیٰ تعلیم کے بعد مستقل سکونت اختیار کریں
Study and Stay in
Austraila, Ireland, U.K, Malta, czheck republic
- Visa without interview.
- Tuition fee and consultancy fee after visa
- No Visa No Consultancy Fee
- No IELTS No TOEFL only for Malta
Contact: Mr. Azhar Bilal Ch
PH: 047-6005578, 03224347064
آفس طاہر مارکیٹ بالمقابل احمد مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ

اکسیر پائیوریا
مسوڑھوں سے خون اور پیپ کا آنا۔ دانتوں کا ہلنا دانتوں کی میل ٹھنڈے یا گرم پانی کا لگنا۔ منہ سے بدبو آنا کیلئے بہت مفید ہے۔
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:047-6212434 Fax:6213966

زرمبادلہ کمانے کا بہترین ذریعہ
بیرون ممالک مقیم کاروباری اور سیاحتی مقاصد کیلئے جانے والے حضرات کیلئے ہاتھ کے بنے ہوئے قالین
پاکستانی، افغانی، ایرانی
ویجیٹیبل اور ہربل
تمام ممالک میں بھجوانے کی فری سہولت کیساتھ
LAHORE CARPET WEAVERS
Wahid Mansion 14 - B, Davis Road Lahore.
Ph: 042- 6368879
Cell: 0321- 4107697

البشیرز
معروف قابل اعتماد نام
پیچ
جیولرز اینڈ بوتیک
ریلوے روڈ گلی نمبر 1 ربوہ
نئی ورائٹی نئی جدت کے ساتھ زیورات وملبوسات اب پیچ کے ساتھ ساتھ ربوہ میں بااعتماد خدمت
پروپرائٹرز: ایم بشیر الحق اینڈ سنز، شوروم ربوہ
0300-4146148
فون شوروم پیچ 047-6214510-049-4423173

بلال فری ہومیوپیتھک ڈسپنسری
زیر سرپرستی: محمد اشرف بلال
اوقات کار:
موسم سرما: صبح 9 بجے تا 4½ بجے شام
وقفہ: 1 بجے تا 2½ بجے دوپہر
ناغہ بروز اتوار
86۔ علامہ اقبال روڈ، گڑھی شاہو لاہور
ڈسپنسری کے متعلق تجاویز وشکایات درج ذیل ای میل ایڈریس پر بھیجے
E-mail:bilal@cpp.uk.net

سپیشل آفر اب مکمل ڈش بمعہ اصل کورین ریسیور کے ساتھ صرف -/4500 میں
نیز: سپلٹ اے سی کی مکمل ورائٹی دستیاب ہے۔
Dealer: Sony- Panasonic Philips. Samsung, LG. Nobel .Haier, Orient,
نیو محمود ٹیلی ویژن کمپنی
21۔ ہال روڈ۔ لاہور 042-7355422-042-7125089-042-7211276

زرمبادلہ کمانے کا بہترین ذریعہ۔ کاروباری، سیاحتی، بیرون ملک مقیم احمدی بھائیوں کیلئے ہاتھ کے بنے ہوئے قالین ساتھ لے جائیں
ورائٹی: بخارا، اصفہان، شجرکار، ویجیٹیبل ڈائز، کوکیشن افغانی وغیرہ
احمد مقبول کارپٹس
مقبول احمد خان آف شکرگڑھ
12۔ ٹیگور پارک نکلسن روڈ عقب شوبرا ہوٹل لاہور
042-6306163-6368130 Fax:042-6368134
E-mail:amcpk@brain.net.pk
CELL#0300-4607400

محبت سب کیلئے نفرت کسی سے نہیں
مدراسی، اٹالین، سنگاپوری اور ڈائمنڈ کی جدید اور فینسی ورائٹی کیلئے تشریف لائیں۔
الفضل جیولرز صرافہ بازار سیالکوٹ
طالب دعا: عبدالستار، عمیر ستار
فون شوروم: 052-4292793 فون رہائش: 052-4592316
موبائل: 0300-9613255-6179077
Email:alfazal@skt.comset.net.pk

Admissions Open for Ireland & UK
Admission has been opened for January / February 08. According to new policy no interviews for Ireland/UK & get two years work permit after study.
آئرلینڈ اور یوکے کیلئے داخلے جاری ہیں
آئرلینڈ، یوکے میں جنوری فروری 2008ء کیلئے داخلہ جات شروع ہو چکے ہیں۔ نئی پالیسی کے مطابق اب ویزا بغیر انٹرویو کے ہوگا اور تعلیم کے بعد دو سال کا ورک پرمٹ بھی ملے گا۔ دوسرے شہروں کے طالب علم اپنے کاغذات بذریعہ ڈاک بھیج سکتے ہیں۔
Education Concern ®
Farrukh Luqman: Cell # 0301-4411770
67-C, Faisal Town, Lahore.
Office:- 042-5177124 / 5162310
Fax:042-5164619
info@educationconcern.com
www.educationconcern.com

خوشخبری
عثمان الیکٹرونکس
سپلٹ اے سی کی تمام ورائٹی دستیاب ہے
Dawlance, Haier, Sabro, LG Mitsubishi, Orient & Super Asia
اب مکمل ڈش Neoset ڈیجیٹل ریسیور کے ساتھ -/4500 میں لگوائیں
اس کے علاوہ: فریج فریزر، واشنگ مشین، ٹی وی، کوکنگ رینج، گیزر مائیکرو ویواوون اور دیگر الیکٹرونکس دستیاب ہیں۔
سونی ٹی وی پر اسپیشل ڈسکاؤنٹ محدود مدت کیلئے
طالب دعا: انعام اللہ
7231680 7231681 7223204
1۔ لنک میکلوڈ روڈ بالمقابل جودھا مل بلڈنگ پٹیالہ گراؤنڈ لاہور

Mob:0300-4742974
TEL:042-6684032
Mob: 0300-9491442
طالب دعا: نذیر احمد، حفیظ احمد
دلہن جیولرز
Gold Palace Plaza, Shop # 1, Defence Chowk, Main Boulevard Defence Society, Lahore Cantt.

معائنہ نظر بذریعہ کمپیوٹر کنٹیکٹ لینز دستیاب ہیں
نعیم آپٹیکل سروس
ڈاکٹر نعیم احمد
عینکیں ڈاکٹری نسخہ کے مطابق لگائی جاتی ہیں
041-2642628 041-2613771
چوک کچہری بازار فیصل آباد

سپیشل شادی پیکج صرف 42,000 میں حاصل کریں
پاکستان الیکٹرونکس
گرمی کا توڑ سپلٹ اے سی، اب تمام کمپنیوں کے سپلٹ A/C کمپنی ریٹ پر حاصل کریں۔
علاوہ ازیں فریج فریزر، واشنگ مشین، کولر، T.V پلازمہ T.V، LCd مائیکرو ویواوون، گیزر، الیکٹرک واٹر کولر نہایت ہی کم قیمت پر حاصل کریں۔ A/C سروس کروائیں۔ صرف -/200 روپے میں اور بجلی کا بل 20% بچائیں۔
042-5124127,042-5118557 Mob:0321-4550127
طالب دعا: مقصود احمد ساجد (سابقہ ریجنل سیلز منیجر PEL)
26/2/c1 نزد غوثیہ چوک کالج روڈ ٹاؤن شپ لاہور

اسٹیٹ ہاؤس
PCSIR STAFF کالج روڈ ٹاؤن شپ لاہور
لاہور، ربوہ، کراچی میں پراپرٹی کی خرید وفروخت کیلئے
ربوہ 0333-6713217
کراچی 0333-2113809
لاہور 042-5122261-0333-4615339

CPL-29FD

اب صرف -/4200 روپے میں مکمل ڈش لگوائیں Neosat ڈیجیٹل ریسیور کے ساتھ
سپر دھماکہ آفر
سپلٹ A/C کی مکمل ورائٹی دستیاب ہے
اس کے علاوہ: فریج، ڈیپ فریزر، واشنگ مشین، ٹی وی، کوکنگ رینج، روم کولر، گیزر، مائیکرو ویواوون اور دیگر الیکٹرونکس کی اشیاء بازار سے بارعایت حاصل کریں۔
FAKHAR ELECTRONICS
فخر الیکٹرونکس
PH:042-7223347,7239347,7354873
Mob:0300-4292348,0300-9403614
1۔ لنک میکلوڈ روڈ جودھا مل بلڈنگ پٹیالہ گراؤنڈ لاہور

DASCO BEST QUALITY PARTS
داؤد آٹوز
ڈیلر: ٹویوٹا، سوزوکی، شہزور ہنڈائی ڈاٹسن کے جینئین اینڈ لوکل پارٹس
13-KA آٹو سنٹر۔ بادامی باغ۔ لاہور
طالب دعا: داؤد احمد، محمد عباس، محمود احمد، ناصر احمد
فون شوروم: 042-7700448-7725205